بالغ اولاد کی طرف سے قربانی کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا بالغ اولاد کی طرف سے والدین قربانی کرسکتے ہیں اور شوہر بیوی کی طرف سے قربانی کرسکتاہے؟بعض لوگ کہتے ہیں کہ ان کی اجازت لینا ضروری ہے۔

سائل:عبداللہ فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

جی ہاں! بالغ اولاد سے اجازت لینا ضروری ہے ان کی اجازت سے والدین ان کی طرف سے قربانی کرسکتے ہیں اور اسی طرح شوہر اپنی بیوی کی اجازت سے اس کی طرف سے قربانی کرسکتا ہے،اور اگر ان کی اجازت کے بغیر قربانی کردی تو ان کی طرف سے واجب ادا نہ ہوگا جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں ہے: **وَلَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ أَنْ يُضَحِّيَ عَنْ أَوْلَادِهِ الْكِبَارِ وَامْرَأَتِهِ إلَّا بِإِذْنِهِ"**

(الفتاوی الہندیہ کتاب الاضحیہ باب الاول ص293)

اور بہار شریعت میں ہے کہ بالغ لڑکوں یا بی بی کی طرف سے قربانی کرنا چاہتا ہے تو ان سے اجازت حاصل کرے بغیر ان کے کہے اگر کر دی تو ان کی طرف سے واجب ادا نہ ہوا۔

(بہار شریعت ج3 حصہ15 ص 334مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

GIVING QURBANI ON BEHALF OF BALIGH [MATURE] CHILDREN

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding the following matter; can parents give the qurbani on behalf of the baligh [those that have reached puberty] children? And can a husband give it on behalf of his wife? Some people say it is necessary to seek their permission first.

Questioner: Abdullah from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Yes that is so. It is necessary to have the permission of baligh (mature) children, with their permission the parents can give the qurbani on their behalf and like this a husband can give qurbani for his wife once she has given permission. And if the qurbani was given without their permission then the wujoob (necessity) [of giving qurbani] has not been fulfilled on their behalf. As it is mentioned in Fatawa Hindiyyah,

وَلَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ أَنْ يُضَحِّيَ عَنْ أَوْلَادِهِ الْكِبَارِ وَامْرَأَتِهِ إلَّا بِإِذْنِهِ

[Fatawa Hindiyyah, the Book of Sacrifice, Chapter 1, Page 293]

And it is mentioned in Bahār-e-Sharī'at,

"If he wants to give qurbani on behalf of mature boys or his wife then will need their permission, giving the qurbani without their say would not fulfill the wujoob of qurbani [upon the mature children or wife]."

[Bahār-e-Sharī'at, Volume 3, Part 15, pg 334]

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Abu Zayn